Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · HER LIFE

# Childhood

# بچپن

Lady Fatimah (pbuh) was raised in the lap of her most compassionate mother, Lady Khadijah (pbuh), and was nourished by pure milk drawn from a clear and pristine source of nobility, chastity, patience, and devotion to monotheism. The days of her infancy and childhood coincided with the most dangerous and critical period of early Islam. Part of her life was spent in Shi'b Abi Talib, and for nearly three years she saw nothing beyond that confined valley. When she and the Banu Hashim were finally freed from the narrow gorge of Shi'b Abi Talib and returned to their homes, the scenes of life and the blessing of freedom were a source of joy for her. Sadly, however, those days of happiness did not last long, for she was soon deprived of the loving shelter of her deeply compassionate mother, Lady Khadijah (pbuh), which left her sensitive soul in grief and sorrow. After being deprived of her mother's affection, the love of the Prophet of Islam (pbuh) for her increased even more. It is narrated that the Messenger of Allah would not go to sleep until he had embraced her. Such trials and continuous hardships, for distinguished and great individuals, not only strengthen the soul, but also awaken inner capacities and hidden potentials, and become a cause of steadfastness and resilience in the face of adversity.

حضرت فاطمہ علیھا السلام نے اپنی انتہائی شفیق ماں حضرت خدیجہ علیھا السلام کی گود میں پرورش پائی اور پاکیزہ دودھ جو شرافت، نجابت، بردباری اور توحید پرستی جیسے صاف شفاف چشمہ اور مرکز سے ملا ہوا تھا سیراب ہوتی رہیں۔ جناب سیدہ کی شیر خوارگی کے ایام اور بچپن صدر اسلام کے انتہائی خطرناک اور بحرانی ایام پر محیط ہیں۔ زندگی کا کچھ حصہ شعب ابی طالب میں گذرا، تقریباً تین سال تک آپ نے سوائے شعب ابی طالب کے کچھ نہیں دیکھا۔ جب آپ اور بنی ہاشم شعب ابی طالب کی تنگ گھاٹی سے نجات پاتے ہیں اور اپنے گھروں کو واپس لوٹتے ہیں، تو زندگی کے مناظر اور آزادی جیسی نعمتیں آپ کیلئے خوش کن تھیں لیکن افسوس کہ خوشی کے ایام دوام پیدا نہ کرسکے، کیونکہ اپنی انتہائی شفیق ماں حضرت خدیجہ کے سایہ سے محروم ہوجاتی ہیں، جس سے ان کی حساس روح افسردہ ہوجاتی ہے۔ ماں کی شفقت سے محرومی کے بعد پیغمبر اسلامؐ کی محبت آپ سے بڑھ گئی۔ روایات میں وارد ہوا ہے کہ رسول خدا جب تک آپ کو پیار نہیں کرلیتے سوتے نہیں تھے۔ اس قسم کے حادثات اور مسلسل مشکلات ممتاز اور عظیم لوگوں کیلئے نہ فقط روح کی تقویت کا سبب ہوتے ہیں بلکہ ان کی اندرونی استعداد اور پوشیدہ صلاحیتوں کو ابھارتے ہیں اور مشکلات کے مقابلے میں پائیداری کا سبب بنتے ہیں۔



Free to read, copy and share

Yes, indeed, the crises and hardships present throughout the life of Lady Fatimah (pbuh) not only affected her spirit but also refined and strengthened her abilities, enabling her to face every kind of circumstance with resilience. Within her sacred being were qualities such as humanity, chivalry, chastity, and nobility traits that would seem impossible to be combined to such a degree in any woman. She would proudly say that she was nurtured in the school of Prophethood and attained perfection in the academy of the Divine Message. She was raised in a household that was the abode of the descent of angels and the place of revelation, and she benefited from her father and her husband, both of whom were the embodiments of the Perfect Human Being (al-Insaan al-Kaamil). During her discussions with Abu Bakr, the manner in which she drew upon Qur'anic verses reveals a clear truth: she possessed complete mastery over the Qur'an. How could it be otherwise, when she heard the Qur'an directly from the sacred tongue of the Messenger of Allah, witnessed its manifestations in the beings of the Prophet and 'Ali, and aligned her own soul with the meanings of the Qur'an deriving from it its rulings and her own duties? Like the rest of the Ahl al-Bayt, she was endowed with eloquence and rhetorical excellence. Through the power of her speech, she ruled over hearts; with the force of her expression, she brought souls under her command; and she spoke in the most refined and compelling manner. All of these qualities became manifest in her debates with Abu Bakr concerning Fadak and the matter of the caliphate.

جی ہاں حضرت فاطمہ کی زندگی میں موجود بحرانوں اور سختیوں نے نہ فقط ان کی روح کو متاثر کیا بلکہ ان کی صلاحیتوں کو جلا بخشی، اور ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرنے میں مدد دی۔ آپ کے وجود اقدس میں انسانیت، جوانمردی، عفت و بزرگواری جیسے خواص جو کسی خاتون میں ممکن نہیں ہو سکتے تھے موجود تھے، وہ خود فخر و مباہات کرتے ہوئے کہتی تھیں کہ میں نے مدرسہ نبوت میں تربیت پائی ہے اور رسالت کی درس گاہ میں کمال پایا ہے۔ اس گھر میں جو فرشتوں کے اترنے کا محل اور وحی کے نزول کی جگہ تھی پرورش پائی، اور اپنے باپ اور شوہر جو مجسمہ انسان کامل تھے ان سے استفادہ کیا۔ حضرت ابو بکر سے گفتگو کے دوران جس انداز میں آیات قرآنی سے استفادہ کیا یہ ایک حقیقت کو ظاہر کررہی ہے کہ آپ قرآن کی آیات پر مکمل عبور رکھتی تھیں، ایسے کیونکر نہ ہو جبکہ رسول خدا کی زبان اقدس سے قرآن سنتی تھیں، اور پیغمبر اور علی کے وجود میں اس کی تجلیاں دیکھتی تھیں اپنی روح کو قرآن کے مفاہیم کے ساتھ منطبق کرتے ہوئے احکام اور اپنے وظائف اس سے استخراج کرتی تھیں کیونکہ آپ بھی اہل بیت کی طرح فصاحت و بلاغت سے بہرہ مند تھیں۔ اپنی گفتار کی قوت سے دلوں پر حکمرانی کرتی تھیں، زورِبیان سے جانوں کو اپنے اختیار میں لے لیتی تھیں اور بہترین انداز میں بات کرتی تھیں، یہ ساری باتیں ابو بکر سے فدک اور امر خلافت میں بحث کرتے ہوئے واضح کی تھیں۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/childhood-3659 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.